جہاد

میں

شرکت کے 44 طریقے

مؤلف: امام انوار العلوقی حفظہ اللہ

ترجمہ وتسہیل: عمران بشیر حفظہ اللہ

مسلم ورلڈ ڈیٹا پروسیسنگ پاکستان

website : http://www.muwahideen.tk

Email : info@muwahideen.tk

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مقدمہ

زیر نظر تحریر امام انوار العلوقی حفظہ اللہ کی کتاب ''44 ways of supporting Jihad'' کا اردو ترجمہ ہے۔جس کا اصل ماخذ محمد بن احمد السالم حفظہ اللہ کی عربی کتاب بعنوان'' ۳۹ وسیلة لخدمة الجهاد ومشاركة فيه ''ہے۔آپ کو یہ جان کر حیرت ہوگی کہ یہودی اور مغربی مفکرین نے محمد بن السالم کی اس تحریر پر گہری تحقیق کی ہے اور اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ محمد بن السالم حفظہ اللہ کی یہ تحریر القاعدہ کی فکر کی طرح حد درجے خطرناک ہے۔کیونکہ اس میں جہاد میں شرکت کے بہت سے مختلف راستے دکھائے گئے ہیں جن کو جان کر ہر مسلمان جہاد میں براہ راست شامل ہوسکتا ہے۔لہٰذا یہ تحریر ان کے نقطہ نظر سے انتہائی خطرناک تصور کی جارہی ہے۔اسی افادیت کے پیش نظر انوار العلوقی حفظہ اللہ نے اس کتاب کا انگریزی میں ترجمہ کیا جو ان کی دیگر کتب اور بیانات کی طرح بلاشبہ ایک شاہکار ہے۔انگریزی میں ترجمے کے دوران شیخ انوار العلوقی حفظہ اللہ نے تصریح کی ہے کہ ''میں نے اپنی کتاب میں شیخ سالم کی جس تحریر کو بنیاد بنایا ہے اس کا لفظ بلفظ ترجمہ نہیں کیا بلکہ انگریزی دان طبقے اور موجودہ زمانے کے اعتبار سے اس میں کچھ ضروری تبدیلیاں کی ہیں''

مختلف زبانوں سے جہادی لٹریچر کا ترجمہ کرنے کے کام کی ضروت کافی عرصہ ہوئی محسوس کی جارہی تھی اور اس پر مختلف اردودان طبقہ میں کام کا آغاز ہوچکا ہے

......الحمدللہ۔اس کتاب کے نکتہ نمبر ۴۳ میں بھی خاص طور پر ترجمہ کی افادیت کا احساس دلایا گیا ہے جسے پڑھ کر ذاتی طور پر اس کام کو ہاتھ میں لینے کا عہد اور پختہ ہوگیا۔دنیا بھر میں تیز رفتار ہوتی مجاہدین کی کاروائیاں اور عالمی انقلابی جہادی تحریک کی کامیابیاں اس بات کا اعلان کررہی ہیں کہ بہت جلد وہ وقت آنے والا ہے کہ دنیا کا ہر مسلمان جس میں ایمانی غیرت موجود ہے جہاد میں شرکت سے محروم نہیں رہے گا ..انشاءاللہ۔غزہ پر اسرائیل کے تازہ حملوں کے دوران انٹرنیٹ کے ذریعے مسلمانوں میں جس تحریر کی سب سے زیادہ تشہیر کی گئی وہ یہی کتاب تھی۔تاکہ دنیا بھر کے مسلمانوں کے اندر پھیلتی بے چینی اور اضطراب کو مزید بھٹکنے سے روکا جائے اور ''جہاد فی سبیل اللہ'' کے ذریعے مسائل کا حل دکھایا جائے۔

انگریزی سے اردو میں ترجمہ کرنے کے دوران جہاں چند جملوں میں تبدیلی کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی وہاں چند وضاحتی نوٹس کا بھی ضروری اضافہ کیا گیا ہے۔لیکن اس کتاب کی عبارت اتنی عمدہ اور مختصر ہے کہ وضاحتی نوٹس علیحدہ کرنے سے عبارت کا تسلسل اور روانی ٹوٹنے کا خطرہ تھا اس لیے قاری کی سہولت اور تحریر میں جان ڈالنے کے لیے شیخ انوار کے نقش قدم پر چلتے ہوئے میں نے بھی وضاحتی نوٹس اور اضافے تحریر میں گڈمڈ کردیے ہیں۔

عمران بشیر

صفر ۱۴۳۰ (فروری ۲۰۰۹)

تمہید

جہاد فی سبیل اللہ دینِ اسلام کا سب سے عظیم عمل ہے اور یہی امت مسلمہ کی سربلندی ،عزت اور کامرانی کا واحد راستہ بھی ہے ۔جب کفار نے مسلمانوں کی زمینوں پر قبضہ جمارکھا ہو،جب طاغوت کے اذیت خانے اولیاء اللہ سے بھرے ہوئے ہوں ،جب اللہ کا قانون دنیا کے کسی خطے میں نافذ نہ ہو،جب براہ راست اسلام پرحملہ کیا گیا ہوتا کہ اس کو جڑ سے ہی اکھاڑ دیا جائے ،جب مسلم دنیا کے حکمران مسلمانوں کے خلاف جنگ میں کفار کا ساتھ دے کر اسلام سے ارتداد اختیار کریں،ایسے میں اسلام اور مسلمانوں کے دفاع کے لیے جہاد ہر مسلمان پر فرض ہوجاتا ہے ۔یہی وجہ ہے کہ آج دنیا بھر کے مسلمانوں پر بقدر صلاحیت اور بقدر ضرورت جہاد فرض عین ہے۔دفاعی جہاد جو ایمان کے بعد سب سے اہم فرض ہے اس کی شرائط اقدامی جہاد کی نسبت سخت ہیں ۔مثلاً دفاعی جہاد والدین کے انکار کے باوجود بچوں پر،شوہر کے اعتراض کے باوجود بیوی پر اور قرض خواہ کی اجازت کے بغیر قرض خواہ پر فرض ہوتا ہے ۔اور ایسے میں جہاد سے دور رہنے والے کے لیے سخت وعیدیں آئی ہیں۔

میرے عزیز بھائیو اور بہنو! یہ معاملہ اب اہم ہی نہیں بلکہ سنگین ترین ہو چکا ہے

کیونکہ ہمارا دشمن محض ایک قوم اور ایک نسل نہیں ہے۔آج ہمارا دشمن کفر کا موجودہ عالمی نظام ہے جس کے سیاسی اور عسکری منصوبے عالمگیر سطح پر اپنی تباہ کاریاں پھیلا رہے ہیں۔کفار ہمارے خلاف ایسی منصوبہ بندی کر رہے ہیں جیسے اس سے پہلے کبھی نہیں کی۔چنانچہ ہم اس عظیم جنگ کی طرف بڑھ رہے ہیں جو مسلمانوں اور رومیوں کے خلاف لڑی جانی ہے۔یعنی الملحمۃ الکبری۔جس کا ذکر احادیث میں نبی ﷺ نے کیا ہے۔میں آگے بڑھنے سے پہلے پھر واضح کردوں کہ اس وقت جہاد ہر مسلمان پر صلاحیت کے بقدر فرض ہے۔اس لیے جو بھی مسلمان اللہ کو راضی کرنا چاہتا ہے اس پر لازم ہے کہ وہ جہاد میں شرکت کے طریقے ڈھونڈے اور مجاہدین کو اپنی مدد فراہم کرے۔ذیل میں جہاد فی سبیل اللہ میں شرکت اور تعاون کے ۴۴ مختلف طریقے بتائے گئے ہیں۔

(۱) مجاہد بننے کی خواہش کرنا

جہاد میں شرکت کرنے کے لیے سب سے پہلی چیز دل میں خواہش کا ہونا کہ آپ بھی مجاہدین کے ساتھ مل کر کفار سے لڑیں۔اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا ''جو بھی اس حال میں مرا کہ اس نے نہ کبھی جہاد میں شرکت کی اور نہ ہی اس کے دل میں اس کی آرزو تھی وہ نفاق کی ایک حالت میں مرا'' [صحیح مسلم]۔اس بات کا اندازہ کرنے کے لیے کہ آپ کے دل میں واقعی مجاہد بننے کی خواہش موجود ہے یا نہیں قرآن کی اس آیت سے مدد لے سکتے ہیں۔اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا: ﴿وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ

لَا عَـدُّوْا لَهٗ عُدَّةً ...... ﴾ ''اگر ان کا جہاد میں نکلنے کا واقعی ارادہ ہوتا تو وہ اس کے لیے کچھ تیاری کرتے'' [توبہ:۴۶]

دفاعی جہاد کی پانچ شرائط علماء نے بیان کی ہیں۔مثلاً ابوقدامہ رحمہ اللہ کے نزدیک: مسلم ہو، بالغ ہو، تنگ دست نہ ہو اور جسمانی معذور نہ ہو۔تنگ دست آدمی کا عذر صرف ایسی صورت میں قبول ہوگا جب کوئی شخص اس کو معاشی طور پر سہارا دینے کے لیے تیار نہ ہو۔جس کسی کو شدید بیماری لاحق ہو وہ بھی معذور ہوگا۔لیکن اگر کسی کے دل میں جہاد کی خواہش ہی موجود نہیں تو ایسے معذور کا عذر اللہ کے نزدیک قبول نہیں ہوگا۔کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے سورۃ التوبہ کی آیت ۹۲ میں فرمایا ہے کہ:

﴿ وَّ لَا عَـلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَا اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَآ اَجِدُ مَآ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ۠ تَوَلَّوْا وَّ اَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ؕ(توبة: ۹۲) ﴾

''ان لوگوں پر بھی کوئی الزام نہیں جنہوں نے آپ سے درخواست کی کہ آپ ان کے لیے سواری مہیا کریں اور آپ نے فرمایا کہ

'میرے پاس تمہارے لیے سواریوں کا انتظام نہیں' تو وہ واپس پلٹ گئے اس حال میں کہ ان کی آنکھوں میں آنسو جاری تھے

اس غم کے مارے کہ وہ جہاد میں جانے کے لیے خود رقم کا بندوبست نہیں کر سکتے''

(۲) اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے شہادت کی دعا کرنا

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ''جو کوئی اخلاصِ نیت کے ساتھ اللہ سے شہادت کی

دعا کرے گا اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس کو شہادت کا درجہ عطا کر دیں گے خواہ وہ اپنے بستر پر مرے'' [مسلم]۔شہادت کی دعا کرنا بھی اللہ کو بہت پسند ہے کیونکہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ اللہ کے لیے اپنی جان نچھاور کرنا چاہتے ہیں۔لیکن آپ کو محتاط رہنا چاہیے کہ کہیں یہ دعا آپ کے ہونٹوں پر ہی نہ رہ جائے۔جو شخص بھی اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے شہادت مانگتا ہے اگر اس میں سچا ہے تو ہر جہاد کی صدا پر لبیک کہے گا اور اللہ کے راستے میں موت کی تلاش میں نکل کھڑا ہوگا۔کتنے ہی مسلمان شہادت کی دعائیں کرتے ہیں لیکن مجھے حیرت ہے کہ ان کا رویہ اس کے بالکل برخلاف ہے؟

آج اللہ کے دشمن اگر مسلمانوں پر حاوی ہیں اور ان کے علاقوں پر قابض ہیں تو اس کی اصل وجہ یہی ہے کہ شہادت کی محبت سے ہمارے دل خالی ہو چکے ہیں۔اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا ''عنقریب قومیں تم پر حملہ آور ہونے کے لیے ایک دوسرے کو اس طرح بلائیں گی جس طرح دستر خوان پر بھوکے لوگوں کو دعوت دی جاتی ہے۔صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا کہ اے اللہ کے رسول ﷺ کیا اس وقت ہم لوگ تعداد میں کم ہوں گے تو آپ ﷺ نے جواب دیا کہ نہیں بلکہ تم اتنے ہو گے کہ کوئی شمار نہ کر سکے گا مگر تمہاری حالت ایسی ہوگی جیسے سمندر کا جھاگ اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ تمہارے دشمنوں کے دل سے تمہاری ہیبت نکال دیں گے۔اور تمہارے دلوں میں وہن بٹھا دیں گے۔صحابہ رضی اللہ عنہم نے پھر سوال کیا کہ اللہ کے رسول ﷺ یہ وہن کیا چیز ہے۔تو آپ ﷺ نے فرمایا دنیا کی محبت اور موت سے نفرت۔[ابوداؤد]

میرے بھائیو! شہادت ہماری مذہبی روایات کا حصہ ہے۔آئیں اس روایت کو

امت میں پھر سے زندہ کریں کیونکہ اللہ کے دشمن ہماری جس چیز سے سب سے زیادہ خوف کھاتے ہیں۔وہ یہی کہ مجاہدین موت سے دیوانہ وار محبت کرتے ہیں۔

(۳)اموال سے جہاد کرنا

ایک آیت کو چھوڑ کر قرآن میں مال سے جہاد کرنے کا ذکر ہر اس جگہ کیا گیا ہے جہاں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنی جانوں سے جہاد کا تذکرہ کیا ہے۔اس سے جہاد بالمال کی اہمیت کا اندازہ ہو جاتا ہے کہ جہاد کتنا زیادہ مال پر انحصار کرتا ہے۔دوسرے الفاظ میں...... ''پیسہ نہیں تو جہاد نہیں''..القرطبی رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے کہ صدقہ کا اجر دس گناہ بڑھا کر دیا جاتا ہے جبکہ جہاد میں جو مال خرچ کیا جاتا ہے اس کا اجر ۷۰۰ گنا بڑھا دیا جاتا ہے۔اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿ مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَ اللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ﴾

''جو لوگ اپنا مال اللہ کے راستے میں خرچ کرتے ہیں اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک دانہ بویا جائے اور اس سے سات بالیاں نکلیں اور ہر بالی میں سو دانے ہوں،اس طرح اللہ جس عمل کو چاہتے ہیں کئی گنا بڑھا دیتے ہیں'' [بقرہ:۲۶۱]

خاص طور پر جو مسلمان باہر کے ممالک میں رہتے ہیں ان کے لیے آج جہاد میں شرکت کا ایک بہترین طریقہ یہ ہے کہ وہ اپنا مال جہاد میں خرچ کریں کیونکہ بعض اوقات جہاد کے لیے مجاہدین سے زیادہ مال کی ضرورت ہوتی ہے۔شیخ عبداللہ عزام رحمہ اللہ کا مقولہ مجھے یاد ہے:

''مسلمانوں کو جہاد کی ضرورت ہے اور جہاد کو پیسے کی''

(۴) مجاہدین کے لیے فنڈ اکھٹا کرنا

اپنا مال خرچ کرنے کے علاوہ آپ کو دوسروں کو بھی اس پر ابھارنا چاہیے۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا''جس نے کسی کو نیکی کی راہ دکھائی اسے بھی اس نیکی کرنے والے کے برابر اجر ملے گا'' دوسروں کو جہاد بالمال کی ترغیب دلانا دراصل سنت رسول ﷺ پر عمل کرنا ہے کیونکہ اللہ کے رسول ﷺ اکثر جنگ پر جانے سے پہلے جہاد میں مال خرچ کرنے کی ترغیب دلاتے۔آج جہاد کو بے انتہاء پیسوں کی ضرورت ہے لٰہذا آپ صرف اپنا مال ہی جہاد میں خرچ نہ کریں بلکہ اپنے ساتھیوں اور گھر والوں کو بھی اس کی ترغیب دلائیں۔

(۵) مجاہد کو معاشی مدد فراہم کرنا

اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا''جس نے اللہ کے راستے میں کسی مجاہد کے اخراجات برداشت کیے اس نے بھی جہاد کیا''[مجمع الزوائد]

اس میں مجاہد کا ہر قسم کا خرچہ برداشت کرنا شامل ہے یعنی اس کے ہتھیار اور دیگر جنگی اخراجات کے علاوہ اس کی رہائش،کھانے اور اس کے سفر خرچ وغیرہ کا اہتمام کرنا ہے۔اس عمل کے ذریعے امت کے غریب اور امیر اجر وثواب میں برابر ہوسکتے ہیں یعنی مالدار اگر کسی تنگ دست مجاہد کو جہاد میں مال سے مدد کریں گے تو تنگ دست مجاہد کو جہاد کا اجر ملے گا اور مالدار کو بھی اس مجاہد کے جہاد کے برابر اجر مل جائے گا۔کیونکہ

رسول اللہ ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ ''جس شخص نے اللہ کی راہ میں لڑنے والے کا سامان پورا کر دیا تو گویا وہ خود بھی جنگ میں شریک ہوا'' [بخاری]

(٦) مجاہد کے خاندان کی نگہداشت کرنا

مجاہد کے پیچھے اس کے اہل وعیال کی حفاظت کرنا، ان کی ضروریات کا خیال رکھنا اوران کی معاشی مدد کرنا اور ان کی عزت کی رکھوالی کرنا بھی بے انتہاء اجروثواب کا ذریعہ ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

- جو کسی مجاہد کے پیچھے اس کے اہل وعیال اور گھر کا خیال رکھے گا وہ مجاہد کے اجر میں سے آدھا حصہ پالے گا۔[مسلم]
- مجاہد کی بیویوں کی عزت کی حفاظت پیچھے رہ جانے والے پر اس طرح عائد ہوتی ہے جیسے اس کی اپنی ماں کی عزت کی حفاظت اس پر عائد ہوتی ہے۔ جو کسی مجاہد کی بیوی سے خیانت کرے گا تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ قیامت کے دن مجاہد کو حکم دیں گے کہ اس خائن کے اعمال میں سے جتنی نیکیاں لینا چاہے وہ لے لے، تو مجاہد اس کے اعمال میں سے ہر وہ نیکی لے لے گا جو چاہے گا۔[مسلم]
- جس کسی نے نہ خود لڑائی میں حصہ لیا، نہ کسی مجاہد کا جنگی خرچہ برداشت کیا ،نہ کسی مجاہد کے اہل وعیال کی حفاظت کی وہ شخص موت سے پہلے کسی بہت بڑی مصیبت میں ضرور گرفتار ہوگا[ابوداؤد]

ہر مسلمان اپنے اہل وعیال کے بارے میں بہت فکر مند رہتا ہے۔لیکن یہی وہ چیز ہے جس سے شیطان فائدہ اٹھاتا ہے اور دل میں طرح طرح کے وسوسے پیدا کرتا

ہے چنانچہ اس کو جہاد سے دور کر دیتا ہے۔اگر کوئی شیطان کے ہتھکنڈوں سے بچ نکلے اور جہاد کرنے گھر سے نکل کھڑا ہو تو وہاں شیطان اس کے پاس بار بار آئے گا اور اس مجاہد کے دل میں کمزوری پیدا کرنے کی کوشش کرے گا۔اس کو یہ فکر دلائے گا کہ ''تم اپنے پیاروں کو کس حال میں چھوڑ کر آ گئے ہو؟''اس لیے مجاہدین کے اہل وعیال کی ذمہ داری لینے سے مجاہدین کو بہت بڑی مدد ملتی ہے اس سے ان کے دل مضبوط ہوتے ہیں اور وہ پورے اطمنان اور بے فکری کے ساتھ جہاد میں مصروف رہ سکتے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ نبی ﷺ نے اس بارے میں بہت کثرت کے ساتھ دوسرے مسلمانوں کو ابھارا ہے کہ وہ مجاہدین کو نہ صرف جنگ کے میدانوں میں مدد کریں بلکہ ان کے پیچھے ان کے خاندان کی حفاظت اور کفالت کا بھرپور ذمہ لیں تاکہ مجاہدین گھر سے بے فکر ہو کر کفار سے جنگ لڑ سکیں۔

کتنے افسوس کی بات ہے جو ہمارے علم میں آئی ہے کہ آج لوگ مجاہد کے پیچھے اس کے گھر والوں کی ہمت بندھانے اور مدد کرنے کے بجائے الٹا ان کے سامنے ان کے شوہروں اور بیٹوں کو کوستے ہیں کہ کس نے دماغ خراب کر دیا اس کا، کیا پاگل ہو گیا ہے۔امریکہ سے ٹکر لینا موت کو دعوت دینا ہے۔گھر کا خرچہ کیسے چلے گا تمہارا، اگر مر گیا تو پھر تمہیں کون پوچھے گا...... **نعوذ باللہ من ذلک**

(۷) شہید کے خاندان کی کفالت کرنا

میرے بھائیو! ہمارے وہ شہید بھائی جنہوں نے اسلام کی بقا اور امت کی حفاظت کی خاطر جنگ لڑی، اور جنہوں نے ہمارے دفاع میں اپنی جانیں قربان کر دیں، کیا

وہ اتنے غیر اہم ہیں کہ ہم انہیں بھلا دیں۔ ہرگز نہیں!!!اس لیے شہداء کے خاندان کو عزت اور وقار دینا اور ان کی حفاظت اور ضرورت کا خیال رکھنا اب ہماری ذمہ داری بن گئی ہے۔

امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے روایت کیا ہے کہ جب حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ شہید ہوئے تو رسول صلی اللہ علیہ وسلم حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے گھر گئے اور ان کی اہلیہ سے فرمایا کہ بچے کہاں ہیں انہیں میرے پاس لے کر آؤ۔ جب بچے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بوسہ دیا۔ یہ دیکھ کر حضرت اسماء رضی اللہ عنہا جو ان کی اہلیہ تھیں کہنے لگیں کہ ''اے اللہ کے رسول! کیا کچھ خاص بات ہوگئی ہے'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہاں آج حضرت جعفر رضی اللہ عنہ لڑائی میں شہید ہوگئے ہیں'' حضرت اسماء کہتی ہیں کہ جب میں نے یہ سنا تو رونا شروع کر دیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم گھر سے چلے گئے اور اپنی ازواج سے کہا کہ جعفر رضی اللہ عنہ کے اہل وعیال کے لیے کھانے اور دیگر ضروریات کا خیال رکھنا کیونکہ وہ شدید غم زدہ ہیں''

شہید کے بچوں کو باپ کے پیار کی ضرورت ہوتی ہے اور وہ باپ کے بعد کوئی دوسرا شخص بھی دے سکتا ہے۔اسی طرح شہید کی بیواؤں کو دوسری شادی سے نہیں روکنا چاہیے اگر ان کی خواہش ہو۔ یہ بات میں اس لیے کہہ رہا ہوں کیونکہ ہمیں پوری امت میں دو کلچرل تبدیلیاں لانی ہیں۔ پہلی: مسلم سوسائٹی کو مطلقہ اور بیوہ عورتوں کے بارے میں منفی رویہ ترک کر دینا چاہیے۔ بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں یہ بات عام ہو چکی ہے بیوہ اور مطلقہ عورتوں سے مرد شادی نہیں کرتے۔اس سلسلہ کو ختم کرنا

ضروری ہے۔دوسری یہ کہ: مسلم سوسائٹی میں ایک سے زیادہ شادیوں کا رجحان صرف ختم ہی نہیں ہوا بلکہ اب یہ ایک معیوب بات سمجھی جاتی ہے ۔جبکہ ایک سے زیادہ شادیاں بعض اوقات جنگوں کے زمانے میں ایک معاشی ضرورت بن جاتی ہیں ۔اسی منفی رویہ کی وجہ سے دنیا بھر میں ہماری بے شمار مسلمان بہنیں شادی جیسی بنیادی ضرورت سے محروم ہیں ۔ان میں کنواری بھی ہیں اور مطلقہ و بیوہ بھی ۔جبکہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے زمانے میں کوئی ایک عورت بھی ایسی نہ تھی جس کا خاوند نہ ہو۔یعنی اس کا وہ ساتھی جو اس کی جسمانی ،نفسیاتی اور معاشی ضروریات کا کفیل ہو۔حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ان کی بیوہ سے شادی کر لی تھی۔

(۸) قیدیوں کے خاندان کی کفالت کرنا

ایک قیدی کے خاندان کی کفالت کرنا اجر وثواب میں ایک مجاہد کے خاندان کی کفالت کرنے کے برابر ہے۔یہ عمل بھی اتنا زیادہ عام کرنے کی ضرورت ہے کہ عنقریب وہ وقت آجائے گا جب مجاہد گھر والوں کو چھوڑ کر جہاد کے لیے نکلے تو اسے اس بات کی کوئی پرواہ نہیں ہو کہ اگر وہ اللہ کے راستے میں شہید ہو جائے یا گرفتار ہو جائے تو کیا ہوگا بلکہ اسے یہ خیال رہے کہ اس کے پیچھے اس کے خاندان کی دیکھ بھال کے لیے ہزاروں لاکھوں مسلمان نہیں بلکہ پوری امت موجود ہے۔

(۹) مجاہدین کو زکوٰۃ دے کر جہاد میں شرکت کرنا

زکوٰۃ کی آٹھ مدات ہیں: قرآن کہتا ہے

﴿ اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلۡفُقَرَآءِ وَ الۡمَسٰكِيۡنِ وَ الۡعٰمِلِيۡنَ عَلَيۡهَا وَ الۡمُؤَلَّفَةِ قُلُوۡبُهُمۡ وَ فِى الرِّقَابِ وَ الۡغٰرِمِيۡنَ وَ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ وَ ابۡنِ السَّبِيۡلِ ؕ فَرِيۡضَةً مِّنَ اللّٰهِ...... ﴾

''صدقات (زکوٰۃ) صرف فقراء اور مساکین کے لیے ہے، اور ان کے لیے جو زکوٰۃ کے کام پر مامور ہوں اور ان کے لیے جن کی تالیف قلب مطلوب ہو، نیز گردنوں کو چھڑانے اور قرض داروں کی مدد کرنے کے لیے اور اللہ کے راستے میں اور مسافروں کی مدد کے لیے......'' [توبہ:٦٠]

مفسرین کے نزدیک 'فی سبیل اللہ' کے الفاظ اگرچہ عام ہیں لیکن یہ خاص طور پر مجاہدین کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ ابوبکر بن عربی رحمہ اللہ جو مالکی مسلک ہیں کہتے ہیں کہ امام مالک رحمہ اللہ نے فرمایا کہ: ''فی سبیل اللہ بہت سے ہیں، لیکن اس میں کوئی اختلاف نہیں کہ اس آیت میں فی سبیل اللہ سے مراد مجاہدین ہیں''۔ امام نووی رحمہ اللہ اپنی کتاب المنہج میں فرماتے ہیں کہ زکوٰۃ کی رقم کے مستحقین میں مجاہدین بھی شامل ہیں۔ نیز مجاہدین اس زکوٰۃ کی رقم کو سفر اور جنگی خرچ کے علاوہ اپنے اہل وعیال پر بھی خرچ کر سکتے ہیں۔

زکوٰۃ کی رقم کا سب سے بہتر مصرف مجاہدین ہیں۔ افسوس! آج بہت کم لوگ مجاہدین کو اپنی زکوٰۃ کی رقم دیتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے معاشرے میں یہ افواہیں پھیل گئی ہیں کہ زکوٰۃ صرف تنگ دست کو دی جاسکتی ہے، حالانکہ یہ محض شیطانی چال ہے۔ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا 'صدقہ کسی مالدار آدمی کو نہیں دیا جاسکتا

سوائے پانچ صورتوں کے، ان میں سے ایک آپ ﷺ کے فرمان کے مطابق اللہ کے راستے کا مجاہد بھی ہے۔ مجاہدین زکوٰۃ کے تو ہر حال میں مستحق ہیں لیکن آج مجاہدین اس کے اور زیادہ مستحق ہو جاتے ہیں کیونکہ زکوٰۃ کے مستحقین آٹھ ہیں جن میں چار صورتیں تو خود مجاہدین پر پوری اترتی ہیں:

(۱) یہ فقراء ہیں (۲) یہ مساکین ہیں (۳) یہ مسافر ہیں اور

(۴) یہ اللہ کے راستے کے مجاہد ہیں۔

چنانچہ آپ اپنی زکوٰۃ مجاہدین کو دیں اور دوسروں کو بھی یہ توجہ دلائیں۔

(۱۰) مجاہدین کو طبی امداد فراہم کرنا

آج مجاہدین کو تقریباً ہر قسم کی طبی امداد کی ضرورت ہے۔ جہاد میں ڈاکٹر کی تو ہر وقت بے انتہاء ضرورت ہے لیکن اکثر اوقات ہسپتال اور کلینک تک رسائی کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ پوری امت مسلمہ میں ہزاروں ماہر ڈاکٹر موجود ہیں لیکن کتنے افسوس کی بات ہے کہ ہم نے زخمی مجاہدین کے بارے میں ایسے قصے بھی سنے ہیں کہ ان کو معمولی زخم آئے لیکن بروقت طبی امداد اور ڈاکٹرز کی عدم دستیابی کی وجہ سے وہ زخم پھیلتے گئے یہاں تک کہ بعض انہی معمولی زخموں کے پھیل جانے سے شہید ہو گئے۔ اس لیے خاص طور پر وہ مسلمان جنہوں نے میڈیکل کا علم حاصل کیا ہے اور یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ اس علم سے امت کو فائدہ پہنچانا چاہتے ہیں وہ غور سے سنیں کہ زخمی مجاہدین ان کو صدائیں دے رہے ہیں کہ آپ اور آپ کا علم طب کہاں ہے؟؟؟ خطاب (چیچنیا کے عظیم اور بہادر عرب سالار) کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ ایک مرتبہ وہ روسیوں

سے معرکے کے دوران زخمی ہو گئے لیکن اس وقت کوئی بھی مسلمان ڈاکٹر نہ مل سکا جوان کو اٹینڈ کرتا چنانچہ مجاہدین ان کو ریڈ کراس کے مرکز لے گئے اور وہاں موجود کافر ڈاکٹروں اور ہسپتال کے عملے کو بندوق کے نشانے پر رکھ کر اپنے مجاہد کمانڈر کا علاج کروایا۔اس کے علاوہ ادویات اور دیگر طبی ضروریات فراہم کرنا بھی ضروری ہے۔ ہر وہ مسلمان جو اس شعبے سے تعلق رکھتا ہے وہ آگے بڑھے اور اپنی ذمہ داری ادا کرے کیونکہ اس شعبے میں مجاہدین کی مدد کرنا انتہائی ضروری ہے اور آپ کو یقین رکھنا چاہیے کہ اگر آپ صرف اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی خاطر مجاہدین کا خیال رکھیں گے تو اجر عظیم کے مستحق بنیں گے اور کوئی بعید نہیں کہ آپ سبحانہ وتعالیٰ آپ کو اس مجاہد کے جہاد کے برابر یا اس سے بھی زیادہ اجر عطا فرمادے۔

(۱۱) مجاہدین کی حوصلہ افزائی کرنا

جب مجاہدین یہ سنتے ہیں کہ علماء جہاد کے حق میں ہیں ،مساجد میں ان کے لئے دعائیں کی جاتی ہیں اور مسلمان کی اکثریت ان کی عزت کرتی ہے تو اس سے مجاہدین کو حوصلہ ملتا ہے اور جہاد میں ان کے قدم اور مضبوط ہو جاتے ہیں ۔لیکن اس کے برخلاف جب مجاہدین یہ دیکھتے ہیں کہ علماء ان کے خلاف ہیں ،امام مساجد جہاد سے بیزار بیٹھے ہیں اور مسلمانوں کی اکثریت کو جھوٹ بول بول کر دھوکہ میں ڈال دیا گیا ہے تو ہم اندازہ بھی نہیں کر سکتے کہ اس غدارانہ طرز عمل سے مجاہدین کو کتنی سخت اذیت ہوتی ہے۔حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے خلیفہ بننے کے بعد مجاہدین کا پہلا لشکر حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کی سربراہی میں روانہ کیا اور ان کی حوصلہ افزائی کے لیے خود پیدل چل کر

مدینہ کی آخری بستی تک آئے۔ چنانچہ آپ بھی مجاہدین کی ہر ممکن حوصلہ افزائی کریں اور ان کی عزت میں کمی نہ آنے دیں۔

(۱۲) مجاہدین کا دفاع کرنا اور ان کے حق میں بولنا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''جو کسی مسلمان بھائی کی عزت کی حفاظت کرتا ہے اللہ سبحانہ وتعالیٰ روز قیامت اس کے چہرے کو جہنم کی آگ سے بچالے گا'' [ترمذی] آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا ''جو مصیبت کے وقت کسی مسلمان کی مدد نہ کرے خاص طور اس وقت جب اس کی عزت برباد کی جارہی ہو اور اس کی پاکیزگی پر حرف آرہا ہو تو ایسے شخص کی اللہ اُس وقت مدد نہیں کرے گا جبکہ خود اُس کو مدد کی ضرورت ہوگی۔ اور جو کسی مسلمان کی ایسے وقت مدد کرے گا جبکہ اس کی عزت برباد کی جارہی ہو اور اس کی پاکیزگی پر حرف آرہا ہو تو اللہ ایسے وقت میں اس کی مدد کرے گا جبکہ اس کو مدد کی ضرورت ہوگی۔'' [ابوداؤد]

اس لیے یہ ہماری اسلامی ذمہ داری ہے کہ ہم ان کا دفاع کریں جو اسلام اور اس پوری امت کا دفاع کررہے ہیں۔ کیونکہ اس وقت تمام صحافتی اور نشریاتی ادارے حکومت کے ساتھ یک زبان ہوکر مجاہدین کے خلاف بے بنیاد، جھوٹی اور گمراہ کن خبریں شائع کرکے امت کو دھوکہ دے رہے ہیں۔ آپ جس محفل میں دیکھیں مجاہدین کے خلاف بات کی جارہی ہے وہاں ان کے دفاع اور حق میں ضرور بولیں ورنہ اگر ہم میں سچ بولنے کی جرأت نہیں ہے تو کم از کم خاموش رہنا بہتر ہے۔ بعض اوقات ہماری زبانیں وہ کچھ بولتی ہیں جن سے اللہ کے راستے کے ان مجاہدوں کا دفاع ہونے کے

بجائے کفار کا دفاع ہوتا ہے۔اس لیے ہمیں اپنے عمل ہی سے نہیں بلکہ الفاظ سے بھی محتاط رویہ اختیار کرنا ہوگا اور اپنے کسی عمل یا الفاظ سے اللہ کے دشمنوں کو فائدہ نہیں پہنچانا۔

(۱۳)میڈیا کے جھوٹ کو بے نقاب کرنا

ہم میں سے بیشتر مسلمانوں کا تجزیہ وہی ہوتا ہے جو مغربی اور مغرب زدہ میڈیا پیش کرتا ہے۔اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنۡ جَآءَكُمۡ فَاسِقٌ ۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوۡۤا اَنۡ تُصِيۡبُوۡا قَوۡمًا ۢ بِجَهَالَةٍ فَتُصۡبِحُوۡا عَلٰى مَا فَعَلۡتُمۡ نٰدِمِيۡنَ ﴾

’’اے ایمان والو! اگر کوئی فاسق تمہارے پاس خبر لائے تو تحقیق کرلیا کرو کہیں ایسا نہ ہو کہ تم نادانستہ کسی گروہ کو نقصان پہنچا بیٹھو اور پھر اپنے کیے پر نادم ہو‘‘[الحجرات:٦]

یہ حکم تو فاسق کے بارے میں ہے تو ایسے میں کیا حکم ہوگا جب فاسق کے بجائے کافر اور مرتدین ہم تک خبریں پہنچا رہے ہوں۔ یہ میڈیا نہیں درحقیقت جھوٹ کا پلندہ ہے ،مجاہدین سے متعلق کوئی خبر ہو یا تجزیہ وہ حقیقت پر مکمل پردے ڈال کر پیش کی جاتی ہے ۔کیا ہمیں نظر نہیں آتا کہ کفار جب مسلمانوں کا بے دریغ قتل عام کرتے ہیں اور اپنے ہی بنائے ہوئے جنگی قوانین کا بھی احترام نہیں کرتے تو شہریوں کی ہلاکت پر پردہ ڈالنے کے ساتھ ساتھ اس کے جواز گھڑ کر لاتے ہیں۔لیکن جنگ کے دوران اگر کوئی شہری مجاہدین کی گولیوں کا نشانہ بن جائے تو مجاہدین کو فسادی ،شرپسند اور دہشت گرد کہہ کہہ کر دنیا کو دھوکہ دیتے ہیں۔میڈیا کا کردار اس معاملے میں اتنا موثر ہے کہ پوری

دنیا میں جھوٹ پھیل جاتا ہے اور سچ کو اپنی صفائی کا موقع نہیں مل پاتا اور امت مسلمہ کی اکثریت اس کے فریب میں آجاتی ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ میڈیا مجاہدین کو بدنام کرنے کے لئے طرح طرح سے دھوکہ دیتا ہے، ان کے بارے میں جھوٹی اور بے بنیاد خبریں خود گھڑتا ہے، ان کی غلطیوں کو کئی گنا بڑھا کر دکھاتا ہے، تعداد کے معاملے میں ہمیشہ جھوٹ سے کام لیتا ہے، ان کے درمیان پھوٹ ڈالوانے کے لیے اکثر الٹی سیدھی باتیں ان کی طرف منسوب کرتا ہے ، مجاہدین کے رہنماؤں کی کردار کشی کرتا ہے۔ یہ میڈیا ہی ہے جو مجاہدین کے علماء کی حق کی حق گوئی عوام کے سامنے پیش نہیں ہونے دیتا جبکہ جہاد کے مخالف اور علمائے سوء کو خوب پروان چڑھاتا ہے۔ پس میرے ہر دلعزیز بھائی! آپ پر لازم ہے کہ مسلمانوں کے درمیان اس معاملہ پر آگاہی پیدا کریں۔ اور مسلمانوں کو سمجھائیں کہ میڈیا کے اس کردار کو ہمیشہ ذہن میں رکھ کر مجاہدین کے بارے میں تجزیہ کریں۔ ہمیں میڈیا کی کسی بات پر اعتماد نہیں کرنا جب تک مجاہدین کے بااعتماد ذرائع اس خبر کی تصدیق نہ کریں ، کیونکہ فاسق کی خبر پر یقین نہ کرنے کا حکم باری تعالیٰ نے قرآن میں دیا ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ میڈیا کے موسم کی پیشن گوئی پر بھی یقین نہیں کرنا چاہیے کہ یہ فاسقین کے زمرے میں آتے ہیں ......نہیں ...... بلکہ میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ ان کی ایسی کسی بات پر یقین نہ کریں جس کا تعلق اسلام اور مجاہدین سے ہو، کیونکہ انہی کے بارے میں ان کا یہ رویہ خاص ہے۔

(۱۴) منافقین کی نشان دہی کرنا

نبی اکرم ﷺ کے زمانے میں منافقین مسلم معاشرے میں بہت خطرناک سمجھے جاتے تھے، اور یقیناً آج بھی ہیں۔ اللہ کے رسول ﷺ اہل ایمان کے سامنے ان کی نشانیاں بیان کرتے ہیں تاکہ ان کے جھوٹ کا ملمع اتر جائے۔ آپ ﷺ کے زمانے میں کفار کے خلاف جنگ ہتھیار سے لڑی جاتی تھی جبکہ منافقین سے قرآن کے روشن دلائل کے ساتھ جنگ کی جاتی۔ اور ان کو ایمان کی کسوٹی پر پرکھ کر سب کے سامنے ان کی منافقت واضح کی جاتی رہی۔ منافقین مذہب کے پردے میں اپنے آپ کو چھپا کر رکھتے ہیں تاکہ اپنے زہریلے افکار پھیلائیں اس لیے ان سے لڑنے کا صحیح طریقہ یہ ہے کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی بتائی ہوئی نشانیوں کے ذریعے ان کا جھوٹ بے نقاب کر دیا جائے۔ آج بھی ان کے خلاف ہمارے بنیادی ہتھیار قرآن اور سنت ہیں۔ ان میں سے بعض انتہائی خوشنما اور حسین باتیں کرتے ہیں، یہ دلوں کو لبھانے والے بھی ہو سکتے ہیں لیکن درحقیقت اندر سے کھوکھلے ہوتے ہیں۔ اس لیے ان کی جھوٹی علمی شان اور ان کے شیطانی افکار قرآن مجید کے ذریعے بآسانی بے نقاب کیے جا سکتے ہیں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿ وَ اِذَا رَاَیْتَهُمْ تُعْجِبُکَ اَجْسَامُهُمْ ؕ وَ اِنْ یَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ لِقَوْلِهِمْ ؕ کَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ یَحْسَبُوْنَ کُلَّ صَیْحَةٍ عَلَیْهِمْ ؕ هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ ۫ اَنّٰی یُؤْفَکُوْنَ ﴾

”تم ان کو دیکھو گے تو یہ بڑے شاندار نظر آئیں گے، وہ بولیں تو تم ان کی باتیں سنتے رہ جاؤ، لیکن اصلاً یہ ایسے ہیں جیسے لکڑی کے تختے دیوار سے چن کر رکھ دیے جائیں

، ہر زور کی آواز کو اپنے خلاف سمجھتے ہیں ۔ یہ پکے دشمن ہیں، ان سے بچ کر رہو، اللہ انہیں برباد کرے، انہیں کدھر سے الٹا پھرایا گیا ہے" [منافقون:۴]

نیز معرکوں میں بے انتہاء مصروف مجاہدین کو مسلم معاشرے کے ان آستین کے سانپوں سے براہ راست واسطہ نہیں ہے اس لیے منافقین کی نشان دہی کر کے مجاہدین تک ان کے بارے میں معلومات پہنچانا بھی آپ کی ذمہ داری ہے تا کہ مجاہدین ان منافقین کے متعلق کوئی واضح حکمت عملی ترتیب دے سکیں یہاں ایک وضاحت کرنا ضروری ہے جو منافقین کے خلاف ہتھیار استعمال کرنے اور ان کے خلاف جنگ کرنے کے متعلق ایک غلط فہمی پر مبنی ہے ۔ پاکستان میں بعض دینی حلقے اور علمائے سو مجاہدین کا پاکستانی منافقین سے جنگ کرنے پر یہ کہہ کر اعتراض کرتے ہیں کہ رسول ﷺ کے زمانے میں منافقین کے خلاف تلوار سے جہاد نہیں ہوا تھا اس لیے منافقین کے خلاف تلوار اٹھانا خلاف اسلام ہے حالانکہ وہ اس اہم فرق کو فراموش کر رہے ہیں جو اس زمانے کے اور آج کے منافقین میں پایا جاتا ہے۔

نکتہ اول:

۞ رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں منافقین بکراہت اپنی عبادات بھی انجام دیتے تھے یہاں تک کہ بعض اوقات انہیں جہاد کے میدان میں بھی جانا پڑتا تھا۔ دوران جنگ وہ مجاہدین کی صفوں میں شامل ہوتے تھے نہ کہ کفار کے لشکروں کا حصہ ہوتے

۞ چنانچہ اُس دور میں ان منافقین نے کبھی بھی مسلمانوں کے خلاف نہ تو خود

جنگ کی نہ ہی کفار کے ساتھ مل کر جنگ میں شریک ہوئے

❁ منافقین نے کبھی کسی ایک مسلمان کا بھی قتل نہیں کیا تھا

اس کے برعکس آج کے منافقین کفار کے لشکروں کا حصہ بھی ہیں، اور مجاہدین کے خلاف جنگیں لڑنے کی ابتداء بھی انہی کی طرف سے ہوئی ہے اور اب تک نہ معلوم کتنے ہی موحد مسلمانوں کو قتل کر چکے ہیں۔ ایسے منافقین کے ساتھ تلوار سے جہاد کرنے کا حکم اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے خود قرآن میں دیا ہے۔ سورۃ النساء کے بارہویں رکوع میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے منافقین کے تین گروہوں کا تذکرہ کیا ہے۔ اور اس بات کو بھی ناپسند کیا ہے کہ منافقین کے بارے میں دورائے پائی جائیں۔ ﴿فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ......﴾ ''تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ منافقین کے بارے میں تمہارے اندر دورائے ہیں'' پھر ایک گروہ سے ہاتھ روک کر رکھنے کا حکم دیا ہے کیونکہ وہ مسلمانوں سے نہیں لڑتے۔ جبکہ دو گروہ ایسے ہیں جو مسلمانوں سے جنگ لڑتے ہیں اور انہیں بے دریغ قتل کرتے ہیں، اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ان سے جنگ لڑنے اور انہیں قتل کرنے کا حکم دیا ہے۔ ایک گروہ کے متعلق تو انتہائی سخت الفاظ میں ارشاد ہوا کہ جان لو کہ ایسے منافقین کے بارے میں ہم نے تم کو کھلی چھوٹ دے دی ہے۔

﴿كُلَّمَا رُدُّوْٓا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۚ فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْٓا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَ يَكُفُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ ۭ وَ اُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا﴾

''یہ منافق جب کبھی فتنہ کا موقع پائیں گے اس میں کود پڑیں گے، ایسے لوگ

اگر تمہارے مقابلے سے باز نہ رہیں اور صلح و آشتی کے ساتھ رہنے پر تیار نہ ہوں اور تم پر اپنے ہاتھ نہ روکیں پھر انہیں پکڑو اور جہاں ملیں قتل کر دو ایسے لوگوں پر ہم نے تمہیں کھلی حجت دے دی ہے“

نکتہ دوم:

تمام فقہائے اسلام اس بات پر متفق ہیں کہ مسلمانوں کے خلاف جنگ میں کفار کی مدد کرنا نواقض اسلام افعال میں سے ہے یعنی ایسے فعل کا ارتکاب کرنے والا دائرہ اسلام سے خارج ہے اور مرتد قرار پاتا ہے۔ظاہر ہے اس شرعی وضاحت کے بعد وہ اعتراض ہی غلط ہو جاتا ہے کہ منافقین کے خلاف جنگ نہیں کی جا سکتی۔کیونکہ اول تو یہ فوجی منافق ہی نہیں بلکہ مرتد ہو چکے ہیں جو کفار کے کہنے پر مجاہدین کے خلاف لڑتے ہیں۔لیکن اگر کوئی ان کے ارتداد کو تسلیم نہ بھی کرے تو سورۃ النساء کی آیات ان کی تسلی کے لیے کافی ہیں جس میں ایسے منافقین کے خلاف لڑنے کا حکم مسلمانوں کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے دیا ہے۔

(۱۵) دوسروں کو جہاد پر اکسانا

دوسروں کو بھلائی کی طرف بلانا ویسے بھی ایک اعلیٰ درجہ کی عبادت ہے کیونکہ یہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر میں شامل ہے لیکن کسی کو جہاد پر اکسانا اور ابھارنا تو وہ عمل ہے جس کا خاص طور پر ہمیں حکم دیا گیا ہے۔قرآن میں ارشاد ہوتا ہے:

﴿ يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ...... ﴾

''اے نبی (ﷺ)! مومنوں کو جہاد پر ابھاریے'' [انفال:٦٥]

اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا یہ بھی فرمان ہے:

﴿ فَقَاتِلْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ۚ لَا تُکَلَّفُ اِلَّا نَفْسَکَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِیْنَ ۚ عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّکُفَّ بَاْسَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا ؕ وَ اللّٰہُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّ اَشَدُّ تَنْکِیْلًا ﴾

''اے محمد (ﷺ)! آپ اللہ کے راستے میں جنگ کریں، آپ پر اپنے سوا کسی اور کی ذمہ داری نہیں ہے اور مومنوں کو جہاد کی ترغیب دیجیے قریب ہے کہ اللہ کافروں کا زور توڑ دے اللہ سب سے زیادہ قوت والا اور عذاب دینے میں سخت ہے'' [نساء:۸۴]

(١٦) مجاہدین کے رازوں کی حفاظت کرنا

ہمیں اپنی زبانوں کو مہر لگانے کی ضرورت ہے۔ کبھی کبھی ہم چند الفاظ زبان سے نکال دینے کی وجہ سے نہ چاہتے ہوئے بھی اپنے مجاہد بھائیوں کو خطرہ میں ڈال دیتے ہیں۔ ہر مسلمان کو رازوں کے معاملے میں احتیاط اور راز داری برتنے کی عادت پیدا کرنی چاہیے۔ راز داری سے متعلق سیرت سے بھی بہت سے اسباق ملتے ہیں مثلاً صحابہ رضی اللہ عنہم کا اپنی بیوی سے وہ باتیں چھپانا جو اللہ کے رسول ﷺ ان کو راز کے طور پر بتاتے تھے یا کسی اور صحابی اور صحابیہ کا راز فاش کر دینے پر ان کا محاسبہ کرنا وغیرہ۔ بہت سے معاملات ایسے ہیں جنہیں اپنے انتہائی قریبی ساتھی مثلاً بیوی یا شوہر بچوں اور بھائیوں سے بھی چھپانے کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ ہوسکتا ہے ان کے ذریعے راز افشا ہو جائے اور مجاہدین کو کوئی بڑا حادثہ پیش آجائے۔ جنگی معلومات تو فطرتاً ہی

خفیہ ہوتی ہیں لیکن آج کے زمانے میں جب کہ کفار اور مرتدین کی خفیہ ایجنسیاں مجاہدین کا سراغ لگانے کے لیے ہر قسم کے وسائل استعمال کر رہے ہیں اس کی اہمیت بہت زیادہ بڑھ گی ہے کہ راز داری کی عادت عام ہو اور ''**بقدر ضرورت معلومات**'' کے فارمولے پر عمل کیا جائے۔ یہ بات ہمارے علم میں آئی ہے کہ اپنے ہی مخلص ساتھیوں کی کھلی زبان ہونے کی وجہ سے بعض اوقات مجاہدین کو نا قابل تلافی نقصان پہنچا ہے۔

میں یہ بھی واضح کر دوں کہ اللہ کے دشمن اپنی خفیہ سرگرمیوں میں اتنے کامیاب ہیں کہ ہمارے ہی درمیان ان کے جاسوس موجود ہوتے ہیں اور تجربات اس پر گواہ ہیں کہ یہ جاسوس علماء اور مجاہد کمانڈرز کے روپ میں بھی پائے گئے ہیں لہٰذا آپ کو مجاہدین کے متعلق خبروں اور معلومات میں ہر درجہ احتیاط کرنی ہوگی۔ امام مساجد، علماء اور دینی رہنماؤں کو اس وقت تک کسی معلومات میں شریک نہ کریں جب تک ان کے بارے میں مکمل اعتماد حاصل نہ ہو جائے۔

دوسری طرف میں تمام مسلمانوں کے علم میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ کفار کے لیے مسلمانوں کے خلاف جاسوسی کرنا شریعت کی رو سے کفر کے سوا کچھ نہیں ہے۔ لہٰذا اپنی جہنم کی سیٹ کنفرم کرنے سے بچیں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿ وَ مَنۡ یَّتَوَلَّهُمۡ مِّنۡكُمۡ فَاِنَّهٗ مِنۡهُمۡ ﴾

''جو بھی ان کا ساتھ دے گا وہ بھی انہی میں سے ہے'' [مائدہ:۵۱]

(۱۷) مجاہدین کے لیے دعائیں کرنا

سچ تو یہ بات ہے کہ ہمیں پرخلوص دعا کی طاقت کا صحیح اندازہ نہیں ہے۔ آپ

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''میری امت کو جو فتح نصیب ہوئی ہے وہ اس امت کے کمزور لوگوں کی وجہ سے ہے''۔اس حدیث میں دعاؤں کی طاقت کی طرف اشارہ ہے یعنی وہ لوگ جو کسی عذر یا کمزوری کے سبب خود تو جنگ میں شریک نہیں ہوئے لیکن شوق کی وجہ سے کبھی جہاد سے توجہ نہیں ہٹی اور پیچھے بیٹھ کر مجاہدین کی کامیابی کے لیے دعائیں کرتے رہے۔اس لیے میرے بھائیو! مجاہدین کو اپنی دعاؤں میں مستقل یاد رکھیں تاکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ان کو فتح اور غلبہ عطا فرمائے۔خاص طور پر نماز میں سجدوں کے دوران ضرور دعائیں کیا کریں کیونکہ اس وقت آدمی اللہ سے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے۔ایک اہم دعا جس سے آج کل شدید غفلت برتی جارہی ہے اس کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہوں گا،وہ ''دعائے قنوت'' ہے۔امام مساجد کو ترغیب دیں کہ فجر کی نماز میں اس کو پڑھا کریں خاص طور پر اس وقت جب مجاہدین کو کوئی بڑا معرکہ درپیش ہو۔انہیں یاد دلائیں کہ یہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے اور افسوس ہے کہ آج امام مساجد اس کو کوئی اہمیت نہیں دیتے۔

ایک مرتبہ عین معرکہ شروع ہوتے وقت مجاہد کمانڈر نے اپنے مجاہد ساتھیوں سے پوچھا کہ ''محمد بن وصی کیا کررہے ہیں''۔محمد بن وصی رحمہ اللہ اپنے وقت کے بڑے عابد اور متقی انسان سمجھے جاتے تھے۔مجاہدین نے اطلاع دی کہ وہ آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا اٹھا کر دعائیں کررہے ہیں۔مجاہدین کے سالار نے کہا کہ ''عین اس وقت جب دشمن سے معرکہ پیش آنے والا ہو ایک ہزار مجاہدین کے ملنے سے مجھے وہ ایک انگلی زیادہ محبوب ہوگی جو اللہ کی بارگاہ میں بلند ہو کر مجاہدین کی کامیابی کے دعائیں کررہی ہو''

(۱۸) مجاہدین کی با اعتماد خبریں تلاش کرنا اور ان کو عام کرنا

مجاہدین کی خبروں کو تلاش کر کے انہیں پھیلانا اس لیے ضروری ہے کہ

- یہ عمل آپ کو جہاد سے جوڑے رکھے گا اور آپ خود کو جہاد سے دور نہیں پائیں گے
- اس کے ذریعے آپ پوری امت مسلمہ سے بھی مضبوط رشتہ محسوس کریں گے
- جب آپ کے سامنے مجاہدین کی بہادری اور دلیری کے قصے آئیں گے تو آپ کو جہاد میں عملاً حصہ لینے کا شوق پیدا ہوگا اور اس کے لیے حوصلہ ملے گا
- جب آپ کے سامنے شہداء کے واقعات سامنے آئیں گے تو آپ کے دل میں بھی شہادت کا جذبہ مچلنے لگے گا
- مجاہدین کی خبریں سننے سے آپ کو معلوم ہوگا کہ یہ امت فتح کی جانب پیش قدمی کر رہی ہے اور یہی گروہ الطائفة المنصورة ہے جس کا حدیث میں تذکرہ کیا گیا ہے۔ ہم نے دیکھا کہ جس کسی کو جہاد کی صحیح خبریں نہیں پہنچتی وہ جہاد سے متعلق تجزیہ بھی غلط کرتا ہے کہ مجاہدین خواہ مخواہ اندھیرے میں تیر چلا رہے ہیں جس میں اپنی جانیں گنوانے کے سوا کچھ ہاتھ نہیں آرہا اور اس امت کے صالح شباب ضائع ہو رہے ہیں اور اس جنگ سے امت کو کوئی خیر نہیں پہنچنے والی۔ حالانکہ ان کا یہ خیال بالکل غلط ہے اور حالات اس کے بالکل برعکس ہیں الحمد للہ۔ یہ غلط خیال اسی وجہ سے عام ہوا ہے کہ انہیں جہاد کی صحیح خبریں نہیں پہنچ رہی ہیں۔

❁ ان خبروں سے جہاد کے فقہی مسائل کا بھی علم ہوتا ہے یعنی جہاد کے کسی شرعی مسئلے میں مجاہدین کس طرح عمل کرتے ہیں اس کی عملی مثال سامنے آنے سے اس کی وضاحت ہوتی ہے۔ کیونکہ کوئی مسئلہ جو کتابوں میں لکھا ہے وہ اس وقت تک پوری طرح سمجھ نہیں آتا جب تک کہ عملاً اس کی مثال سامنے نہ آجائے۔

میں یہاں پوائنٹ نمبر ۱۳ کو دہرانا چاہتا ہوں میں نے کہا تھا کہ آپ کو صرف بااعتماد ذرائع سے موصول ہونے والی صحیح خبریں پھیلانی ہوں گی اور افواہوں سے بچنا ہوگا ۔کیونکہ افواہیں پھیلانا منافقین کا کام ہوتا ہے۔اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتے ہیں

﴿ وَ اِذَا جَآءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ؕ وَ لَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَ اِلٰۤى اُولِى الْاَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ ؕ وَ لَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴾

''یہ لوگ جب اطمنان بخش یا خوفناک خبر سنتے ہیں اسے لے کر پھیلا دیتے ہیں حالانکہ اگر یہ اسے رسول اور ذمہ دار لوگوں تک پہنچاتے تو وہ بات ایسے لوگوں کے علم میں آجاتی جو ان کے درمیان اس بات کی صلاحیت رکھتے ہیں کہ اس سے صحیح نتیجہ اخذ کرسکیں'' [النساء:۸۳]س

(۱۹) مجاہدین کے علماء اور رہنماؤں کی تحریریں پھیلانا

بدقسمتی سے ہم نے سنا کہ بعض مسلمان مجاہدین پر یہ الزام لگاتے ہیں کہ مجاہدین کے پاس ان کی حمایت کرنے والے علماء کی کمی ہے، چنانچہ ان کے پاس کوئی واضح لائحہ عمل بھی نہیں ہے اور جو کچھ مجاہدین کررہے ہیں وہ کفار کے خلاف ان کا فطری ردعمل ہے

۔میں کہوں گا کہ یہ الزام حقیقت کے سراسر خلاف ہے ۔مجاہدین کے پاس بڑی تعداد میں علماء بھی موجود ہیں اور ایسے ذہین افراد (strategic planner) کی بھی کوئی کمی نہیں ہے جو جنگی حکمت عملی ترتیب دیتے ہیں اور جو نہ صرف مجاہدین کے حامی ہیں بلکہ اللہ کے فضل سے بعض جہاد کے اولین مورچوں میں ان کے ساتھ موجود ہیں ۔یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ یہ راستہ حق کا راستہ ہے اس لیے بیشتر علماء اور ایسے جنگی کمانڈان یا شہید کردیے گئے ہیں، یا جیلوں میں قید ہیں یا پھر زیر زمین یعنی خفیہ زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔اس کے باوجود مجاہدین کی شرعی اور جنگی رہنمائی کے لیے ڈھیر سارا جہادی مواد موجود ہے ۔میں وضاحت کردوں کہ علمائے جہاد کی تحریریں خالصتاً شرعیت کی روشنی میں لکھی گئی ہیں ۔یہ علمائے جہاد ان علمائے سو کی طرح نہیں ہیں جو شرعیت کو کھلونا سمجھ کر اپنی مرضی سے اس میں تحریف کرتے ہیں اور پھر اللہ کی طرف سے کہہ کر اپنی طرف سے ٹیڑھے میڑھے فتاویٰ جاری کردیتے ہیں۔اس کے برعکس ان علمائے جہاد نے واضح کردیا ہے کہ یہ اللہ کے سوا کسی سے خوف نہیں کھاتے اور کسی دوسرے کو راضی کرنے میں اللہ کو ناراض نہیں کرتے۔ان کی تحریریں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے ارشادات سے مزین ہوتی ہیں یا پھر علمائے سلف کی آراء سے جیسے ابن حجر، امام النووی، امام قرطبی، ابن کثیر، امام ابن تیمیہ رحمہم اللہ اور امام الاربعہ (یعنی ابوحنیفہ، احمد بن حنبل، شافعی، مالک رحمہم اللہ)۔شرعیت میں کوئی چیز ایسی نہیں جسے یہ علماء چھپاتے ہوں یہی وجہ ہے کہ ان کا لٹریچر حد درجہ پراثر اور مدلل ہوتا ہے۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ کوئی بھی اشاعتی اور صحافتی ادارہ درپیش خطرات کی وجہ سے ان

تحریروں کو شائع کرنے پر آمادہ نہیں ہوتا جس کی وجہ سے یہ تحریریں عام نہیں ہو سکی ہیں ۔چنانچہ یہ کام بھی دیگر بہت سے کاموں کی طرح خود مجاہدین کے کاندھوں پر ہے جس میں بہت سی دشواریاں ہیں ۔لہٰذا میں آپ سے درخواست کروں گا کہ اس کام میں مجاہدین کی بھرپور مدد کریں ۔عام مسلمان اس سے متعلق مدد کچھ اس طرح فراہم کر سکتے ہیں:

- ☆ ہر کتاب یا سی ڈی جو آپ تک پہنچے اسے اپنے دوستوں اور اہل خاندان تک پہنچانا
- ☆ کتابیں،آڈیوز اور ویڈیوز انٹرنیٹ پر اپ لوڈ کرنا
- ☆ ایسی ویب سائٹ بنانا جس میں ان کتابوں،آڈیوز اور ویڈیوز تک رسائی (Links) دی جاتی ہو
- ☆ ایسی ویب سائٹس کے بارے میں دوسروں کو آگاہ کرنا۔اس کے مختلف ذریعے ہو سکتے ہیں مثلاً زبانی،تحریری،اشتہارات،ای میل،ایس ایم ایس وغیرہ
- ☆ کمپیوٹر سے پرنٹ آؤٹ لینا یا فوٹو کاپی کروانا اور تقسیم کرنا
- ☆ اسی طرح کمپیوٹر سی ڈیز بنا کر تقسیم کرنا
- ☆ ای میل کے ذریعے معلومات عام کرنا
- ☆ مساجد میں ایسی معلومات فراہم کرنا مثلاً اسٹیکر یا چھوٹا بینر لگانا اور مساجد میں کتابیں یا پمفلٹ تقسیم کرنا
- ☆ مختلف دینی یا ثقافتی محفلوں میں یہ مواد تقسیم کرنا

☆ ایسے اسٹڈی سرکل بنانا جہاں یہ مواد اکھٹا ہو کر پڑھا جاتا ہو

(۲۰) علماء کا مجاہدین کے حق میں فتاویٰ جاری کرنا

